امداد اطفال کی اپنی اپائنٹمنٹ کے لیے تیاری کریں

اپنی اپائنٹمنٹ سے پہلے

درج ذیل دو مراحل مکمل کریں:

1 ڈاک کا یہ پیکٹ موصول ہونے سے **<u>10 دنوں</u> کے اندر امداد اطفال کا اندراج فارم مکمل کریں، اس پر دستخط کریں اور اسے واپس بھیجیں**۔ اس میں لگ بھگ 30 منٹ کا وقت لگے گا۔ اسے بروقت واپس بھیجنے کے دو طریقے ہیں۔

اختیار 1: آسان ترین | Child Support Mobile App (چائلڈ سپورٹ موبائل ایپ) ڈاؤن لوڈ کریں پھر فارم مکمل کر کے اسے جمع کرائیں۔

NYC HRA Child Support App مفت میں ایپ اسٹور یا Google Play سے ڈاؤن لوڈ کریں۔ اگر آپ کو موبائل ایپ کی خصوصیات کے بارے میں اضافی معلومات چاہئیں تو، ہماری ویب سائٹ nyc.gov/childsupportmobile پر ملاحظہ کریں۔

اگر آپ اپنا اندراج فارم موبائل ایپ کے ذریعے جمع کراتے ہیں تو، آپ ایپ کا استعمال کر کے تائیدی دستاویزات کی نقول اپ لوڈ بھی کر سکتے ہیں۔

اختیار 2: منسلکہ اندراج فارم مکمل کریں یا ویب سائٹ سے ایک فارم ڈاؤن لوڈ کریں اور اسے جمع کرائیں۔

فارم ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے، https://on.nyc.gov/custodialparent پر جائیں اور Child Support Enrollment Form (امداد اطفال کا اندراج فارم) تلاش کریں یا دائیں طرف موجود QR کوڈ استعمال کریں۔

جب آپ اندراج فارم مکمل کر لیں تو، اسے بذریعہ ای میل، بذات خود، یا بذریعہ ڈاک جمع کرائیں۔

1) فارم کو dcse.cseweb@dfa.state.ny.us پر ای میل کریں نیز موضوع کی سطر میں "Child Support Enrollment Form" درج کریں؛

2) امداد اطفال کر اندراج فارم لے کر جس بورو میں آپ رہتے ہیں وہاں کے امداد اطفال کی خدمات کے دفتر میں جائیں۔ مقامات http://bit.ly/CSoffices سے تلاش کیے جا سکتے ہیں؛ یا

3) یہ فارم اس پتے پر ڈاک سے بھیجیں:
OCSS, PO Box 830
Canal Street Station
New York, NY 10013

اپنے مکمل کردہ، دستخط کرد فارم کی ایک کاپی سنبھال کر رکھیں اور انٹرویو کے وقت اسے اپنے ساتھ لائیں۔

اس کی اور تمام محولہ دستاویزات کی نقول اور کاپیاں **https://on.nyc.gov/custodialparent** پر دستیاب ہیں یا ذیل کا QR کوڈ اسکین کریں۔

اپنی اپائنٹمنٹ سے پہلے (جاری)

قبل اس سے کہ آپ اپنی اپائنٹمنٹ میں جائیں، **"LDSS-4279 امداد کے لیے ذمہ داریوں اور حقوق کا نوٹس"** اور **"W-280a امداد اطفال بحفاظت حاصل کرنے کے بارے میں امداد اطفال کے امکانی درخواست دہندگان کے لیے معلومات دونوں کو پڑھ لیں"**۔ اگر ان دستاویزات کو پڑھنے کے بعد آپ کی حفاظتی تشویشات ہوں تو، براہ کرم FIA کے اپنے کارکن سے رجوع کریں، جو آپ کو HRA کے کسی ڈومیسٹک وائلنس لائزن (Domestic Violence Liaison) کے پاس بھیجے گا۔ ساتھ مل کر آپ یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ آیا امداد اطفال آپ اور آپ کی فیملی کے لیے محفوظ ہے۔

2 تائیدی دستاویزات اکٹھی کریں اور امداد اطفال کے اپنے ریفرل فارم کے ساتھ جمع کرائیں

اگر آپ کے پاس ساری دستاویزات نہیں ہیں تو کوئی بات نہیں۔ آپ کے پاس جو بھی دستیاب ہے اسے اپنی مکمل کردہ درخواست کے ساتھ بھیجیں۔ اگر آپ کو یقین نہیں ہے یا آپ کو درکار دستاویزات آپ کے پاس نہیں ہیں تو، ہم انٹرویو کے دوران آپ کو بتائیں گے۔

- ☐ مکمل کردہ امداد اطفال کا اندراج فارم مع دستخط؛
- ☐ ہر بچے کی تاریخ پیدائش کا تصدیق نامہ، اگر اس سے پہلے HRA میں جمع نہ کیا گیا ہو؛
- ☐ اگر دستیاب ہو تو، کوئی دستاویزی شہادت جو باپ یا مبینہ باپ کو دکھاتی ہو؛
- ☐ شادی کا سرٹیفیکیٹ، طلاق کا فرمان یا علیحدگی کے کاغذات، اگر قابل اطلاق ہو؛
- ☐ والدین کی حالیہ فوٹوگراف؛
- ☐ دوسرے والدین (غیر تولیتی والدین) کا سوشل سیکیورٹی نمبر اور کمائی دکھانے والی دستاویزات؛ **اور**
- ☐ کوئی دستاویزات جن سے OCSS کو دوسرے والدین کی نشاندہی کرنے میں مدد مل سکتی ہو۔

کوئی دیگر ایسی معلومات لے کر آئیں جن سے OCSS کو دوسرے والدین کی نشاندہی کرنے میں مدد مل سکتی ہو۔

- ☐ دوسرے والدین کا پتہ، ٹیلیفون نمبر اور آجر کی معلومات۔
- ☐ دوسرے والدین کی تاریخ اور جائے پیدائش اور والدین کا نام۔

براہ کرم جمع کرائی گئی ساری دستاویزات میں اپنا نام، تاریخ پیدائش اور کیس ID شامل کرنے کو یقینی بنائیں۔

اپائنٹمنٹ والے دن

- اگر آپ کا بذات خود انٹرویو ہو تو، براہ کرم پہنچنے پر انٹیک ونڈو سے معلوم کریں۔ جو مکمل کردہ امداد اطفال کا ریفرل فارم آپ نے جمع کرایا اس کی کاپی لائیں۔ نیز، تمام تائیدی دستاویزات کی کاپی اور کوئی ایسی اضافی معلومات لائیں جو آپ کو اپنا پیکٹ جمع کرانے کے بعد ملیں۔
- اگر آپ کی بذریعہ فون اپائنٹمنٹ ہو تو، براہ کرم اپنے فون کا جواب دینے کو تیار رہیں۔ ممکن ہے آپ کو ہمارا آنے والا فون نمبر پہچان میں نہ آئے۔
- اگر آپ کو ترجمہ کی خدمات درکار ہوں تو، اپنے کیس ورکر کو بتائیں۔
- اوسطاً اپائنٹمنٹ آپ کے کیس کے لحاظ سے، 1 گھنٹے تک چل سکتی ہے۔

سوالات؟

اگر امداد اطفال کے آپ کے انٹرویو کے بارے میں آپ کے اضافی سوالات ہوں یا اپنے کیس کے بارے میں کسی سے بات کرنا چاہتے ہوں تو، براہ کرم اپنے مقامی بورو دفتر میں تشریف لائیں یا رابطہ کریں۔ اپنا مقامی بورو آفس https://on.nyc.gov/contactocss پر تلاش کریں۔

اس کی اور تمام محولہ دستاویزات کی نقول اور کاپیاں **https://on.nyc.gov/custodialparent** پر دستیاب ہیں یا ذیل کا QR کوڈ اسکین کریں۔